نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں کپاس کی صورتحال سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور:08جولائی2023( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کے کاشتکاروں کو ملاوٹ سے پاک زرعی زہروں کی دستیابی یقینی بنانے کے لئے جعلی و غیر معیاری زرعی زہروں کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف خفیہ معلومات کی بنیاد پر جاری آپریشنز میں تیزی لائی جائے اور اس جرم میں ملوث افراد کے خلاف ایم پی او کے تحت مقدمات کا اندراج کروایا جائے۔وہ آج سول سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر جنرل زراعت (کراپ رپورٹنگ) پنجاب ڈاکٹر عبدالقیوم، ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ہیڈکوارٹرز لاہور سمیت دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت (توسیع) نے آن لائن شرکت کی۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر احمد نے کپاس کی صورتحال سے متعلق سیکرٹری زراعت کو بریف کرتے ہوئے بتایا کہ اس وقت کپاس کے بعض علاقوں میں سفید مکھی، چست تیلے اور تھرپس کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے تاہم یہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ نہیں ہے۔انھوں نے مزید بتایا کہ رواں ماہ کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ کی طرف خصوصی توجہ دی جارہی ہے کیونکہ گرمی اور حبس کے باعث ضرر رساں کیڑوں کے حملہ میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔اس لئے پیسٹ وارننگ کا عملہ فیلڈ میں کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) کو تمام رپورٹس زراعت توسیع کے ساتھ شیئر کرکے آئی ٹی بیسڈ مانیٹرنگ رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت کی۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی فصل اس وقت نازک مرحلہ میں داخل ہے اور اگلے دو ماہ کپاس کیلئے نہایت اہم ہیں۔تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز فیلڈ انسپکشن کو بڑھائیں۔اس کے علاوہ ڈویژنل ایکسپرٹ گروپس کپاس کے ہاٹ سپاٹ ایریا میں جاکر کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کریں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) کو کاشتکاروں کی معاونت کے لئے قائم سہولت سینٹرز میں کاروباری حجم، کپاس کی مارکیٹنگ اور آپریشنل جیننگ فیکٹریوں سے متعلق رپورٹ تیار کرکے جمع کرانے کی ہدایت کی۔

☆☆☆☆